© rasailojaraid.com

## ذرا ہوش میں آکر دیکھو

اس دنیا میں جس کی زندگی پر تم پھولے ہوئے ہو

تم کس طرح اللہ کے دست قدرت میں بے بس ہو

**یہ آنکھیں**

جن کی بینائی کے طفیل تم اپنی دنیا کے سارے کام چلا رہے ہو

**اللہ کے ایک اشارے سے اندھی ہو سکتی ہیں**

**یہ ٹانگیں**

جن کے بل بوتے پر تم یہ ساری دوڑ دھوپ دکھا رہے ہو

**اللہ کے ایک حکم سے ان پر فالج گر سکتا ہے**

جب تک اللہ کی یہ دی ہوئی طاقتیں کام کرتی رہتی ہیں

تم اپنی خودی کے زعم میں مدہوش رہتے ہو،

مگر جب ان میں سے کوئی ایک طاقت بھی جواب دے جاتی ہے

تو تمھیں معلوم ہو جاتا ہے کہ

تمھاری بساط کتنی ہے

**(تفہیم القرآن، جلد ۴، ص ۲۶۹)**

(بندہ خدا)

© rasailojaraid.com